سبق - ۱۴

پیاری کیاری

نھنّی مُنّی پیاری چِڑیا — رنگ برنگی نیاری چڑیا
کیاری کیاری دانہ چُگ کر — شام کو جاتی تھی اپنے گھر
اک ڈالی پر بھوکا پیاسا — اس کو مِلا بُلبل کا بچّہ
چِڑیا اس کی مدد کو دوڑی — اک کیاری تک لے کر آئی
وہاں تھا پانی کا اک پیالہ — پانی جس کا ٹھنڈا ٹھنڈا
پانی پی کر ، دانہ کھاکر — بُلبُل بیٹھا پیڑ پہ جاکر

٭ آیئے، پڑھیں اور ^ کا نشان لگائیں:

کیا	کیاری	پیاری	پیاسا	نیارا	شیام
پیالہ	پیار	پیاز	پیاس	دھیان	گیان

اساتذہ کے لیے:

☜ پیاری، کیاری جیسے الفاظ میں پہلے حرف کی آواز پوری نہیں نکلتی بلکہ دوسرے حرف کی آواز میں مدغم ہوجاتی ہے۔ لفظوں کے ایسے جوڑ پر ^ کا نشان لگاتے ہیں۔ تفصیل بتانے کی بجائے صرف الفاظ کی آواز کی مشق کرائی جائے۔ جیسے ک ی ا = کیا/ ک ی و ں = کیوں

٭ اِکیاوَن سے سترّ تک گنتی:

۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶	۵۷	۵۸	۵۹	۶۰
اکیاوَن	باوَن	ترپن	چوّن	پچپن	چھپّن	ستّاوَن	اٹھاوَن	اُنسٹھ	ساٹھ
۶۱	۶۲	۶۳	۶۴	۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰
اِکسٹھ	باسٹھ	ترسٹھ	چونسٹھ	پینسٹھ	چھیاسٹھ	سرسٹھ	اڑسٹھ	اُنہتّر	سترّ

مشق

* عددوں کو لفظوں میں لکھیے :

عدد	لفظ	عدد	لفظ
۱	....	۶	....
۲	....	۷	....
۳	....	۸	....
۴	....	۹	....
۵	....	۱۰	....

* پڑھیے اور لکھیے :

پہلا	دوسرا	تیسرا	چوتھا	پانچواں
....	....	....	....	....
چھٹا	ساتواں	آٹھواں	نواں	دسواں
....	....	....	....	....

* اکہتّر سے سَو تک گنتی :

۷۱	۷۲	۷۳	۷۴	۷۵	۷۶	۷۷	۷۸	۷۹	۸۰
اِکہتّر	بہتّر	تہتّر	چوہتّر	پچھہتّر	چھہتّر	ستتّر	اُٹھتّر	اُناسی	اسّی
۸۱	۸۲	۸۳	۸۴	۸۵	۸۶	۸۷	۸۸	۸۹	۹۰
اکیاسی	بیاسی	تراسی	چوراسی	پچاسی	چھیاسی	ستاسی	اٹھاسی	نواسی	نوّے
۹۱	۹۲	۹۳	۹۴	۹۵	۹۶	۹۷	۹۸	۹۹	۱۰۰
اکیانوے	بیانوے	ترانوے	چورانوے	پچانوے	چھیانوے	ستانوے	اٹھانوے	ننانوے	سَو